حصہ ''ب'' (مختصر جواب کے سوالات) نشانات:۳۰

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (۶)

(i) دریائے کوسی کہاں واقع ہے؟

(ii) ساہوکار کے دو بیٹے کس بات پر سخت ناراض تھے؟

(iii) حضرت شاہ ولی اللہؒ کی تحریک کا کیا مقصد تھا؟

(iv) نام دیو کو بچوں کے علاج میں کیسے مہارت حاصل ہوئی ہے؟

(v) ''روشنی'' کتاب کس نے لکھی؟ اس میں کن باتوں کا تذکرہ کیا گیا ہے؟

۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا مرکزی خیال۔۔یا۔۔خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

(i) نظریۂ پاکستان (ii) قومی ہمدردی

۔۔۔یا۔۔۔مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ۔۔یا۔۔مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

(i) جیوے جیوے پاکستان (ii) برسات کا تماشہ

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے دو شعری اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (۶)

مقطع۔ ردیف۔ مخمس۔ مثنوی۔

۔۔۔یا۔۔۔مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اصناف ادب کی تعریف کیجیے:

افسانہ۔ ڈرامہ۔ آپ بیتی۔ مضمون

۶۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے: (۴)

مرکب تام۔ جملہ فعلیہ۔ اسم مکبر۔ خاکہ

۔۔۔یا۔۔۔درج ذیل لفظوں میں سے مترادف کے جوڑے ملائیے:

عکس۔ قیمتی۔ خواہش۔ مشکل تمنا۔ سایہ۔ نایاب۔ دشوار

۶۔ (ب) درجہ ذیل میں سے کسی چار الفاظ و محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے: (۴)

سعادت۔ نالاں۔ لٹو ہونا۔ ناک کٹوانا۔ جائے وقوع۔ خندہ پیشانی

حصہ ''ج'' (بیانیہ جواب کے سولات) کل نشانات:۳۰

۷۔ سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح سلیس اور بامحاورہ زبان میں کیجیے: (۸)

سیکڑوں آدمیوں نے کھانا کھایا۔ میں ان کے اشارے کی غلام بنی ہوئی تھی، اپنے نام کے لیے اپنی بڑائی کے لیے سیکڑوں روپے خرچ کر دیے۔ [illegible] کی بدولت ہزاروں روپے کھائے، اسے اس تقریب کے دن بھی پیٹ بھر کر کھانا نہ دے سکی، محض اس لیے ناکہ وہ بڑھیا ہے، بے کس ہے، بے زبان ہے۔

۔۔۔یا۔۔۔سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو جملوں کی تشریح کیجیے:

(i) مسلمانوں کی قومیت ایک نظریاتی قومیت ہے۔

(ii) ہم دردی انسان میں اس لیے پیدا کی گئی ہے کہ کارخانۂ دُنیا کا انتظام درہم برہم نہ ہونے پائے۔

(iii) دیکھ! نادان، بے بس بچہ گہوارے میں سوتا ہے۔

(iv) خدا کے نزدیک سب سے بُرا وہ شخص ہے جس کی بدزبانی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا جُلنا چھوڑ دیں۔

۸۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں اسے تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ (۶)

۔۔۔یا۔۔۔ کسی اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ تحریر کیجیے جس میں علاقے میں پانی کی قلت کی وجہ سے ہونے والی پریشانیوں کے بارے میں آگاہ کیجیے۔

۹۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے۔ (۶)

خدایا نہیں کوئی تیرے سوا ۔۔۔ اگر تو نہ ہوتا تو ہی کیا

فقیرانہ آئے تھے صدا کر چلے ۔۔۔ میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

جلا ہے جسم جہاں دل بھی جل گیا ہوا ۔۔۔ کریدتے ہو جو اب راکھ جستجو کیا ہے؟

کہہ دو ان حسرتوں سے کہیں اور جا بسیں ۔۔۔ اتنی جگہ کہاں ہے دل داغ دار میں

۔۔۔یا۔۔۔نظم کے عنوان اور شاعر کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل جُز کی تشریح کیجیے۔

وہ لو وہ آفتاب کی حدت، وہ تاب و تب
کالا تھا رنگ دھوپ سے، دن کا مثال شب
خود نہر علقمہ کے بھی سوکھے ہوئے تھے لب
خیمے جو تھے حبابوں کے تپتے تھے سب کے سب
اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

۱۰۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے: (۱۰)

(i) ایک ہو مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے (ii) شجر کاری کی اہمیت (iii) میری پسندیدہ شخصیت

۔۔۔یا۔۔۔ ''مولوی عبدالحق'' ۔۔۔یا۔۔۔ ''میر تقی میر'' میں سے کسی ایک شخصیت کے حالات زندگی اور ادبی کارناموں کا ذکر کیجیے۔

www.ilmkidunya.com